سوال

(769)خوشیوں کے مواقع پر زغرطہ (ناک سے نکالی جانے والی مخصوص آواز) کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زغرطہ کا کیا حکم ہے ؟ یہ ایسی آواز ہے جو عورت خوشی کے وقت نکالتی ہے ہمیں فائدہ دو اللہ آپ کو بدلہ دے گا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مردوں کی موجودگی میں عورت کا آواز بلند کرنا جائز نہیں نہ تو خوشی کے وقت کی مخصوص آواز اور نہ ہی اس کے علاوہ کیونکہ اس کی آواز میں بھی فتنہ ہے پھر یہ آواز (زغرطہ) پہلے اور پچھلے مسلمانوں میں معروف نہیں اور یہ بری عادتوں میں سے ہے جسے چھوڑنا ہی مناسب ہے اور اس لیے بھی کہ یہ قلت حیا کی دلیل ہے۔ (فضیلۃ الشیخ صالح الفوزان)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 687

محدث فتویٰ